| Serial No.of Answer book | MRD-E/XII (A) | Roll Number |
|---|---|---|
| --------------------------- | اُردو (لازمی) جماعت دہم | --------------------------- |

Fic. No. ..................

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

Fic. No. .................

# اُردو (لازمی) جماعت دہم

## سیکشن (معروضی)

وقت: 20 منٹ　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 15

**نوٹ۔ اس حصے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔کاٹ کر، مٹا کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جواب پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔**

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) حضورؐ نے اپنے بستر پر حضرت _____ کو سوجانے کی ہدایت فرمائی۔ (الف) ابوبکرؓ (ب) علیؓ (ج) عمرؓ (د) عبدالرحمانؓ

(ii) ہندؤں نے مسلمانوں کو ہندو بنانے کے لیے ____ تحریک شروع کی۔ (الف) خلافت (ب) رومال کی (ج) شدھی (د) سنگھٹن

(iii) پان بیڑی والے لڑکے سے نوجوان نے _____ کا چیلنج مانگا۔ (الف) پانچ (ب) دس (ج) سو (د) پانچ سو

(iv) ہوٹل ہذا کے تین اطراف میں _____ تھی۔ (الف) سڑک (ب) عمارت (ج) نالی (د) کھیتی

(v) اشک ندامت کے مصنف کا نام ______ ہے۔ (الف) ابن انشاء (ب) مولانا شبلی (ج) راشد الخیری (د) مرزا ادیب

(vi) علی گڑھ اور دیو بند بظاہر دو قسم کی ______ تھیں۔ (الف) درسگاہیں (ب) عبادت گاہیں (ج) سیرگاہیں (د) بندرگاہیں

(vii) بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی _____ قسمیں ہیں۔ (الف) تین (ب) دو (ج) پانچ (د) چار

(viii) ڈاکٹر، کوچوان قواعد کی رُو سے _____ ہیں۔ (الف) اسم معرفہ (ب) اسم نکرہ (ج) اسم ضمیر (د) اسم آلہ

(ix) مصرع مکمل کریں۔اس زلف پہ پھبتی شب ______ کی سوجھی۔ (الف) دیجور (ب) مخمور (ج) روشن (د) ماتم

(x) ''صاحب کرسی'' کے _______ مداحین تھے۔ (الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

(xi) نظم ''حمد'' _______ نے لکھی ہے۔ (الف) ماہرالقادری (ب) الطاف حسین حالی (ج) علامہ اقبال (د) میر درد

(xii) میرانیسؔ کی لکھی ہوئی نظم _____ ہے۔ (الف) ملاوٹ نامہ (ب) شام (ج) بہار صبح (د) صدیق اکبرؓ

(xiii) جس نظم میں کسی کی موت پر غم کا اظہار کیا جاتا ہے اُسے ____ کہتے ہیں۔ (الف) مناجات (ب) مرثیہ (ج) قصیدہ (د) مثنوی

(xiv) شامل نصاب نظم ''خوشحال خان خٹک'' کے شاعر کا نام ____ ہے۔ (الف) رضا ہمدانی (ب) ضمیر جعفری (ج) خوشحال خان خٹک (د) محمود سرحدی

Result.PK

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

MRD-E/XII (A)

# اُردو (لازمی) جماعت دہم

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 60

## سیکشن ''ب'' (36)

**سوال نمبر 2۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف نو (9) اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔**

i۔ کفارِ مکہ نے آپؐ کے خلاف کیا کیا منصوبے بنائے؟

ii۔ کانگریس کب قائم ہوئی اور اسکا اصل مقصد کیا تھا؟

iii۔ ہوٹل میں مہمانوں کو ناشتہ کیسے دیا جاتا تھا؟

iv۔ محمد احسن اپنی بیٹی کو کیوں نظرانداز کرتا تھا؟

v۔ تحصیل دار صاحب امتحان میں کیسے پاس ہوئے؟

vi۔ مرکزی کردار کو ممتحن سے کیوں نفرت تھی؟

vii۔ کوئی ایسی حدیث لکھئے جس میں ملاوٹ کرنے والوں کو سخت تنبیہ کی گئی ہو؟

viii۔ ان الفاظ و تراکیب کے معنی لکھیے اور انہیں جملوں میں استعمال کیجیے۔ فیضانِ عظیم ، طباع ، جنم بھومی ، فروغ

ix۔ ''خالدؓ و حیدرؓ کے افسانے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

x۔ مستزاد کسے کہتے ہیں؟ مثال دیجئے۔

xi۔ جب دہلی سے بڑے بڑے لوگ نکالے گئے تو غالب کیسے دہلی میں قیام پذیر رہا؟

## سیکشن ''ج'' (24)

**سوال نمبر 3۔ سیاق و سباق اور متن کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔**

(الف) ''ہائے میرے ابا جان کو کیا ہو گیا، میں تو بھلا چنگا چھوڑ کر آئی تھی''۔ مجھ بدنصیب کو تو ابھی معلوم ہوا۔ اے اللہ کیا کروں؟ ڈپٹی صاحب کچہری میں ہیں جس طرح ہو گا آج ہی رات کو یا کل فجر حاضر ہوں گی۔ میرے آنے کا ذکر نہ کیجیے۔ ابا جان خفا ہوں گے۔ میں دور ہی سے شکل دیکھ لوں گی۔'' اچھی اماں جان! علاج میں کمی نہ کرنا۔''

(ب) اگر آنکھ نہ کھلی اور صبح کو سونے کا الزام لگایا گیا تو کہہ دیا کہ میں پڑھتے وقت کبھی جواب نہ دوں گا۔ آئندہ مجھے کوئی دق نہ کرے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوا کہ لیمپ بھڑک کر چمنی سیاہ ہو گئی اور میری زیادہ محویت اور محنت کا نتیجہ سمجھی گئی۔ بعض اوقات والد، والدہ کہتے بھی تھے کہ اتنی محنت نہ کیا کرو لیکن میں زمانے کی ترقی کا نقشہ کھینچ کر اُن کا دل خوش کر دیا کرتا تھا۔

**سوال نمبر 4۔ شاعر کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔**

(الف)
وہ پھولنا شفق کا، وہ لقنائے لاجورد　　مخمل سی وہ گیاہ وہ گل سبز سُرخ و زرد
رکھتی تھی پھونک کر قدم اپنا ہوائے سرد　　یہ خوف تھا کہ دامنِ گل پر پڑے نہ گرد

(ب)
دن گزارا تھا بڑی مشکل سے　　پھر ترا وعدہ شب یاد آیا
تیرا بھولا ہوا پیمانِ وفا　　مر رہیں گے اگر اب یاد آیا

**سوال نمبر 5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں۔**

(i) وقت کی پابندی　(ii) ایک یادگار سفر　(iii) والدین کی اطاعت

Result.pk

Result.PK